http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلے 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر سید علی منصور

جلد : 22 | 11 ربیع الثانی 1446ھ منگل 15 اکتوبر 2024ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 227

ایس سی او سمٹ، چینی وزیراعظم لی چیانگ کی پاکستان آمد، پرتپاک استقبال

پاکستان چین کے درمیان مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشت دستخط

گوادر ایئرپورٹ کا دورچوں افتتاح

پاکستان کے عوام کی خوشحالی ہمارے دل کے بہت قریب ہے دونوں ممالک کی تذویراتی شراکت داری وقت کے ساتھ ساتھ گہری ہو رہی ہے، چینی وزیراعظم کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف اور چینی ہم منصب لی چیانگ کی موجودگی میں پاکستان اور چین کے درمیان مختلف شعبہ جات میں یادداشتوں پر دستخط کر دیے گئے جبکہ گوادر ایئرپورٹ کا دورچوں افتتاح کر دیا گیا۔ تشکر نیوز کے مطابق چینی وزیراعظم لی چیانگ چار روزہ سرکاری دورے پر پاکستان پہنچے جہاں وزیراعظم شہباز شریف نے ایئرپس پر پہنچے جہاں وزیراعظم شہباز شریف نے وفد کے ہمراہ ایئر چائنا کے طیارے میں نورخان ایئربیس پر پہنچے جہاں وزیراعظم شہباز شریف نے ان کا بھرپور استقبال کیا، گل و دستے پیش کیے گئے، توپوں کی سلامی دی گئی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

کل ڈی چوک پر احتجاج کے معاملے پر پارٹی میں اختلاف رائے ہیں، بیرسٹر علی ظفر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر علی ظفر نے تسلیم کیا ہے کہ کل ڈی چوک پر احتجاج کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

دفاعی تعاون کے نئے دور کا آغاز

اطالوی طیارہ بردار بحری جہاز اس پینو کراچی پہنچ گیا

کراچی (رپورٹ منزمنصور) کراچی کی بندرگاہ پر پہلی مرتبہ جدید آلات سے لیس اطالوی ایئر کرافٹ کیریئر بحری جہاز جیرچی کی صبح لنگر انداز ہوا، کیورو ماہی بحری جہاز کے مرتبے پر بیک وقت 15 ورٹیکل ٹیک آف، لینڈنگ کے حامل ایف قرنی فائیو پی ساتھ بحری جہاز اور 3 ٹیکی کاپٹرز موجود ہیں۔ تفصیلات کے مطابق اطالیین بحری جنگی جہاز کی پاکستان آمد پاک بحریہ نے اس کا پرتپاک استقبال کیا، یہ دونوں ممالک کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

آرمی چیف جنرل عاصم منیر کی چینی وزیراعظم لی چیانگ سے ملاقات

آرمی چیف نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا جبکہ چینی وزیراعظم نے گرمجوشی سے آرمی چیف سے مصافحہ بھی کیا، وزیراعظم لی چیانگ شنگھائی تعاون کونسل اجلاس میں شرکت کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے، چینی وزیراعظم صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف کے ساتھ ساتھ اعلیٰ عسکری قیادت سے بھی ملاقات کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) شنگھائی تعاون کونسل (ایس سی او) کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے آئے چین کے وزیراعظم لی چیانگ کی آرمی چیف جنرل عاصم منیر سے ملاقات ہوئی۔ آرمی چیف نے معزز مہمان کا پرتپاک استقبال کیا جبکہ چینی وزیراعظم نے گرمجوشی سے آرمی چیف سے مصافحہ بھی کیا۔ چینی وزیراعظم کی جانب سے پاکستان کی سالمیت، خودمختاری اور علاقائی سلامتی کے لیے بھرپور حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ اس موقع پر آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے بھی چینی وزیراعظم کی جانب سے جاری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 4)

اسلام آباد: آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر سے چینی وزیراعظم لی چیانگ خوشگوار موڈ میں مصافحہ کر رہے ہیں

احتجاج موخر کروانے کیلئے پی ٹی آئی کی شرط مان لی گئی، ڈاکٹر زبانی پی ٹی آئی کا معائنہ کریں گے، ذرائع

عمران خان کا طبی معائنہ

پی ٹی آئی نے ڈی چوک احتجاج کی کال واپس لے لی

علی امین گنڈاپور کے مطابق احتجاج کے لئے اسلام آباد ضرور جائیں گے جبکہ پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ اگر بانی پی ٹی آئی سے بیرسٹر گوہر کی ملاقات کروائی جائے تو احتجاج موخر کر سکتے ہیں، اجلاس میں اسلام آباد احتجاج کے لیے کارکنوں کو کل 12 بجے صوابی طلب کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا، ذرائع کا عمومی تاثر ہے کہ حکومت نے عمران خان کے طبی معائنے کی یقین دہانی کرا دی ہے، کل ڈاکٹرز ان کا علاج کریں گے۔ اجلاس میں تحریک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف حکومت کی جانب سے پی ٹی آئی کے لیے سوائے کی یقین دہانی پر احتجاج کی کال واپس لے لی۔ تفصیلات کے مطابق بیرسٹر گوہر کی زیر صدارت تحریک انصاف کی سیاسی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں حماد اظہر، خالد خورشید علی امین گنڈاپور، عمر ایوب سمیت دیگر قائدین شامل ہوئے۔ اجلاس میں تحریک انصاف کے رہنماؤں میں سے بعض نے احتجاج ہر صورت کرنے پر زور دیا تاہم بیرسٹر میں نے زرداری نے وزیراعلیٰ ہاؤس میں منعقد پارٹی کارکنوں کی تقریب سے خطاب (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

کراچی: اطالوی بحریہ کے طیارہ بردار جہاز ایل پو کے کراچی پہنچنے پر پاک بحریہ کی جانب سے استقبال کیا جا رہا ہے

انصاف کیلئے ایک مخصوص عدالت کی ضرورت ہے

بلاول بھٹو

سیاسی جماعتوں میں مشاورت کا عمل جاری ہے، آئینی ترامیم جمہوری طریقے سے پارلیمنٹ سے منظور کرائیں گے، کل مولانا فضل الرحمٰن سے ملوں گا، ملک میں جب بھی آئین سازی ہوئی ہے پی پی آئی کا اہم کردار رہا، چیئرمین پیپلز پارٹی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کہنا ہے کہ انصاف کے لئے عام عدالت کے ساتھ ایک مخصوص عدالت بھی چاہیے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم سیاسی جماعتوں میں مشاورت کا عمل جاری ہے، آئینی ترامیم جمہوری طریقے سے پارلیمنٹ سے منظور کرائیں گے، کل مولانا فضل الرحمٰن سے ملوں گا، ملک میں جب بھی آئین سازی ہوئی ہے پی پی آئی کا اہم کردار رہا، چیئرمین پیپلز پارٹی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

ویٹ لفٹنگ چمپئن شپ، پاک آرمی کے ویٹ لفٹرز نے 3 قومی ریکارڈ توڑے

پاکستان آرمی کی مرد اور خواتین ٹیموں نے اس چمپئن شپ کے دوران 8 طلائی تمغے جیتے

مردوں کی 66 ویں اور خواتین کی 6 ویں قومی ویٹ چمپئن شپ 2024، 7 سے 12 اکتوبر تک ریلوے سٹیڈیم لاہور میں منعقد ہوئی۔ پاکستان کی تمام صوبائی اور محکموں کی ٹیموں کے کھلاڑیوں نیاس چمپئن شپ میں 10 مختلف کیٹیگریز میں حصہ لیا، چمپئن شپ، سابقہ قومی چمپئن شپ کیاصولوں کے مطابق، پوائنٹس فارمیٹ پر کھیلی گئی۔

پاکستان واپڈا مرد اور خواتین دونوں کیٹیگریز میں دفاعی چمپئن تھے، لیکن پاکستان آرمی کی ٹیموں نے ایک سخت مقابلے کے بعد پہلی بار چمپئن شپ جیت لی، پاکستان آرمی کی فتح ایک سخت مقابلے کے بعد ہوئی جو مرد اور خواتین کی دونوں کیٹیگریز میں آخری لمحے تک جاری رہی۔ چمپئن شپ کے دوران پاکستان آرمی کے ویٹ لفٹرز نے 3 قومی ریکارڈ توڑے جبکہ واپڈا کے کھلاڑیوں نے 2 قومی ریکارڈ توڑے۔

پاکستان آرمی کی مرد اور خواتین ٹیموں نے بالترتیب 98 اور 112 پوائنٹس حاصل کر کے پہلی پوزیشن حاصل کی، پاکستان واپڈا کی مردوں کی ٹیم نے 89 پوائنٹس اور خواتین نے 102 پوائنٹس لیکر دوسری پوزیشن حاصل کی، پاکستان واپڈا کی ٹیم 8 طلائی، 5 چاندی اور 2 کانسی کے تمغے جیت کر رنر اپ رہے۔ مجموعی طور پر پاکستان آرمی کی مرد اور خواتین ٹیموں نیاس چمپئن شپ کیدوران 8 طلائی، 7 چاندی اور 3 کانسی کے تمغے جیت کر چمپئن شپ اپنے نام کی۔



کراچی میں

خودکش حملے میں زخمی شخص دوران علاج دم توڑ گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایئرپورٹ سٹیل 6 اکتوبر کی شب خودکش حملے میں زخمی ہونے والا شخص دوران علاج زخموں کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

عارف علوی کلینک سیل، سندھ حکومت اور ایس بی سی اے سے جواب طلب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ نے سابق صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے کلینک کو سیل کرنے سے متعلق درخواست کی سماعت کرتے ہوئے سندھ حکومت اور ایس بی سی اے سے جواب طلب کر لیا ہے۔ دوران سماعت سینئر وکیل انور منصور خان درخواست گزار کی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

فوت شدہ افراد کے نام پر جاری سمز کل بند کر دی جائیں گی، پی ٹی اے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کا کہنا ہے کہ فوت شدہ افراد کے نام پر جاری سمز کل بند کر دی جائیں گی۔ پی ٹی اے نادرا سے حاصل ریکارڈ کی مدد سے غیر قانونی سمز کے خلاف ایکشن لے رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 9)

بنوں پولیس لائن حملہ، جوابی فائرنگ سے 3 دہشتگرد جہنم واصل، 3 اہلکار شہید

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں پولیس لائن پر دہشت گردوں نے دھماکا کیا جس کے باعث تین اہلکار شہید اور کئی زخمی ہو گئے، جوابی فائرنگ سے تین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10)

بنوں (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں پولیس لائن پر دہشت گردوں نے دھماکا کیا جس کے باعث تین اہلکار شہید اور کئی زخمی ہو گئے، جوابی فائرنگ سے تین

پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم پاکستان کے وفود کی ملاقات

ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

ایم کیو ایم وفد نے آئینی ترمیم پیکیج کیلئے اپنی تجاویز پیپلز پارٹی کے سامنے رکھ دیں، آئینی ترمیم پیکیج کیلئے تجاویز میں ملک بھر کے بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کی ترمیم شامل

پیپلز پارٹی وفد نے آئینی ترمیمی پیکیج کیلئے اپنی تجاویز پیپلز پارٹی کے سامنے رکھ دیں، آئینی ترمیم پیکیج کیلئے تجاویز میں ملک بھر کے بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کی ترمیم شامل

کراچی (رپورٹ فرزانہ حسین) پیپلز پارٹی کے وفد کی بلاول ہاؤس کلفٹن میں سربراہی میں گورنر سندھ کامران ٹیسوری، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی

تشکیلی تعاون تنظیم اجلاس تمام شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط کرے گا، کامران ٹیسوری

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے تشکیلی تعاون تنظیم کے اجلاس کے موقع پر اپنے بیان میں کہا کہ تشکیلی تعاون تنظیم کے اجلاس میں شریک (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 49)

غزہ کے اسکول پر اسرائیلی فوج کی لبنان کے ایک بازار پر بھی بمباری 51 شہید اور 174 زخمی

ہاؤسٹ لبنان میں 22 اور جنوبی ضاحیہ میں 10 جب کہ بقیہ افراد دیگر علاقوں میں شہید ہوئے، رہائشی عمارتوں کے ملبے سے لاشیں ملنے کا سلسلہ جاری ہے، 174 زخمیوں میں سے درجن سے زائد کی حالت نازک ہے، اسرائیلی فضائیہ نے ضاحیہ کے ایک بازار کو بھی نشانہ بنایا جہاں شہری خرید وفروخت میں مصروف تھے، وزارت صحت

ٹرمپ کے جلسے سے مسلح شخص گرفتار، جعلی پاسپورٹس برآمد

کیلی فورنیا (مانیٹرنگ ڈیسک) سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کیلیفورنیا میں انتخابی (باقی صفحہ نمبر 2 بقیہ 48)

غزہ، بیروت (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیلی فوج نے تمام تر بین الاقوامی بنیادی قوانین اور عالمی قیادت کے | ایڈوں کو مسترد کرتے ہوئے لبنان کے علاقوں ہاؤسٹ اور ضاحیہ پر دہشتاد (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 17)

کراچی، ٹریفک حادثات میں 4 افراد جاں بحق، 1 شدید زخمی

کورنگی چورنگی پر مقامی کمپنی کے قریب ٹریفک حادثے میں نوجوان جاں بحق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں | ٹریفک حادثات میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 15)

کراچی: ملزم کا بچی کیساتھ زیادتی کی کوشش وقتی کا اعتراف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی کی جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 16)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف چینی ہم منصب لی چیانگ کے ہمراہ واشنگٹن پر منعقدہ تقریب میں شریک ہیں

آئی جی سندھ کی زیر صدارت وومن اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سینٹرز میں اصلاحات کیلئے اجلاس

کراچی (رپورٹ عارصہ ابار) آئی جی سندھ غلام نبی میمن کی زیر صدارت وومن اینڈ چائلڈ پروٹیکشن سینٹرز کی کارکردگی اور اصلاحات سے متعلق اجلاس۔ سینٹرل پولیس آفس کراچی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 18)

کے الیکٹرک مافیا ہے جو عوام کا خون پسینہ نچوڑ رہا ہے

حافظ نعیم الرحمٰن

ایک بڑی کمپنی نے حصص خرید لیے ہیں لیکن اسے نہیں دیے جا رہے، کے الیکٹرک بورڈ میں اس گروپ کے لوگوں کو شامل نہیں کیا جا رہا ہے، کراچی کے شہری شدید اذیت کا شکار ہیں، امیر جماعت اسلامی کا پریس کانفرنس سے خطاب

پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کے الیکٹرک کو مافیا قرار دیتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 47)

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ کے الیکٹرک مافیا ہے جو عوام کا خون پسینہ نچوڑ رہا ہے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی

سوئے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمتیں مزید بڑھ گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگیا۔ بین الاقوامی میں مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت میں 13 ڈالر کا اضافہ ہونے سے فی عالمی قیمت 2659 ڈالر کی سطح پر آ گئی۔ اسی طرح مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 23)

پی آئی اے کا ایک اور فضائی میزبان کینیڈا میں لاپتا

لاپتا فضائی میزبان کیخلاف تحقیقات شروع کردی گئی ہیں، ترجمان پی آئی اے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کا ایک اور فضائی میزبان کینیڈا میں لاپتا ہوگیا۔ پی آئی اے کا فضائی میزبان محسن رضا کینیڈا کے شہر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 46)

پولیس کی انسداد جرائم کیخلاف کامیاب کارروائیاں

ایڈیشنل آئی جی کراچی کا دعا کا دعا پر

شہر میں انسداد جرائم کے دوران ڈاکوؤں سے ضلعی پولیس کے 22 مقابلے، فائرنگ کے تبادلے میں 5 ڈاکو ہلاک جبکہ 23 زخمی ڈاکوؤں سمیت 37 ملزمان کو گرفتار کیا گیا، مختلف اقسام کا غیر قانونی اسلحہ اور 15 موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (رپورٹ ہارون انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو کے احکامات کے منظر پولیس کی انسداد جرائم کے خلاف کامیاب کارروائیاں، گزشتہ ہفتے کے دوران شہر میں انسداد جرائم کے دوران ڈاکوؤں سے ضلعی پولیس کے 22 مقابلے ہوئے، فائرنگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 19)

کراچی پریس کلب کے باہر مظاہرین پر تشدد، ایس ایچ او سمیت 8 پولیس اہلکار معطل



مظاہرین سے بدسلوکی اور تشدد کے معاملے پر ڈی آئی جی ساتھ نے واقعے میں ملوث 6 لیڈی پولیس اہلکاروں سمیت 8 پولیس اہلکاروں کو معطل کردیا، نوٹی فکیشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پریس کلب کے باہر | احتجاج کرنے والوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 21)

کراچی کے مختلف علاقوں میں بوندا باندی، موسم خوشگوار

بوندا باندی سے سڑکوں پر پھسلن کے باعث موٹر سائیکل سواروں کو مشکلات کا سامنا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں پیر کی صبح سے بادلوں کا راج ہے جبکہ مختلف علاقوں میں بوندا باندی سے موسم خوشگوار ہوگیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 20)

سابق ایم پی اے کی گاڑی پر ڈاکوؤں کا حملہ، 2 ساتھی جاں بحق، 2 زخمی

شہریار شرو کو مختلف بندگاڑی کے ذریعے کچے سے نکال کر محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق ایم پی اے شہریار شرو کی گاڑی پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کردیا۔ فائرنگ کے نتیجے میں 2 ساتھی جاں بحق جبکہ 2 زخمی ہوگئے۔ مقامی رہائی کچے میں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 22)

بھیرہ عرب میں ڈپریشن، ماہی گیروں کو گہرے سمندر جانے سے روک دیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) بھیرہ عرب میں موجود ڈپریشن مغرب اور شمال مغرب کی جانب بڑھ رہا ہے، ڈپریشن کراچی اور اور مازہ سے 1010 جبکہ گوادر سے 1000 کلومیٹر دور ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ڈپریشن عمان کے ساحل سے 740 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے، سسٹم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 45)

کراچی، باپ بیٹے کو اغوا اور لوٹ مار کے بعد زخمی کر کے پھینک دیا گیا

ملزمان نے شاہ فیصل کالونی کے پل سے اغوا کیا، اکاؤنٹ کی تفصیلات پوچھ کر شہر میں گھماتے رہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں اغوا کی افسوسناک واردات نے شہریوں کو خوفزدہ کردیا، جس میں صبح

کراچی: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

پاکستانیوں کا ڈیزل 2.1 ارب ڈالرز میں ڈراک ویب پر فروخت کیا گیا، وکیل کا انکشاف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ میں سازے 11 کروڑ پاکستانیوں کا حساس ڈیٹا ڈارک ویب پر فروخت کے کیس کی سماعت کے دوران سرکاری وکیل نے جواب جمع کرانے کے لیے مہلت مانگ لی۔ وزارت آئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 43)

بھارت میں قید پاکستانی ماہی گیر 7 سال بعد رہا

رہائی پانے والوں میں گل شیر، ثمر، غلام مصطفیٰ، عبداللہ اور اللہ بچایا ماہی گیر شامل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سمندری طوفان اور خراب موسم کے سبب شدید سے سمندری سود پار کر کے | بھارت پہنچ جانے والے سات ماہی گیروں کو سات سال بعد رہائی مل (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 26)

این آئی سی ایچ میں ڈاکٹرز اور انتظامیہ کے مذاکرات کامیاب، بائیکاٹ ختم

انتظامیہ نے واقعے میں ملوث افراد کے خلاف مقدمہ درج کرادیا ہے، انتظامیہ نے ہمارے دیگر مطالبات کی منظوری کی بھی یقین دہانی کروائی ہے، ڈاکٹرز

کراچی (اسٹاف رپورٹر) این آئی سی ایچ میں ڈاکٹرز اور انتظامیہ کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 44)

دادو: زمین کے تنازع پر چچا نے فائرنگ کر کے دو بھتیجوں کو قتل کر ڈالا

دادو (اسٹاف رپورٹر) زمین کے تنازع پر چچا اور بھتیجوں کے درمیان جھگڑے میں فائرنگ سے دو نوجوان بھتیجے جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ضلع دادو کی حدود میں واقع گاں امام بخش جنڈ میں زمین کے تنازع پر چچا (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 42)

نواز شریف نے کہا اچھا ہوتا مودی بھی ایس سی او کانفرنس میں شریک ہوتے، بھارتی صحافی

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف اور وزیر داخلہ جناب سر مریم نواز سے بھارتی صحافی کی ملاقات کی ویڈیو سامنے آئی ہے۔ بھارتی خاتون (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 41)

مہنگائی سے ستائی عوام کیلئے بری خبر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ متوقع

پیٹرولیم ڈیلرز نے فی لیٹر پیٹرول پر 17 روپے لیٹر کا بڑا مارجن مانگ لیا، پیٹرولیم ڈیلرز نے پیٹرول اور ڈیزل پر 8 روپے 36 پیسے کا اضافہ مانگا ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرولیم ڈیلرز نے فی لیٹر پیٹرول پر 17 روپے لیٹر کا بڑا مارجن مانگ لیا۔ پیٹرولیم ڈیلرز نے پیٹرول اور ڈیزل پر 8 روپے 36 پیسے کا اضافہ مانگا ہے جب کہ ڈیلرز اس وقت پیٹرول اور ڈیزل پر 8 روپے 64 پیسے مارجن لے رہے ہیں۔ ڈیلرز نے حکومت سے ایک دم مارجن

مہنگائی سے ستائی عوام کیلئے بری خبر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ متوقع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرولیم ڈیلرز نے فی لیٹر پیٹرول پر 17 روپے لیٹر کا بڑا مارجن مانگ لیا۔ پیٹرولیم ڈیلرز نے پیٹرول اور ڈیزل پر 8 روپے 36 پیسے کا اضافہ مانگا ہے جب کہ ڈیلرز اس وقت

حکومت سندھ اور گگل کے درمیان تعلیمی میدان میں جدت لانے کا معاہدہ

اس اقدام سے صوبے بھر کی یونیورسٹیوں اور طلبا کی ترقی کے لیے ہماری شراکت داری کے عزم کو تقویت ملے گی، یہ تعاون گوگل فار ایجوکیشن نولڈج 30 پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کو تقویت دے گا، سید مراد علی شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیر صدارت سندھ ایجوکیشن اور ایجوکیشن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 40)

کراچی اسٹاک ایکسچینج میں اتار چڑھاؤ کے بعد مندی غالب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) غیر یقینی سیاسی حالات، حکومت کا بجٹس پر ٹیکسیڈ کی نصار کے حوالے سے آئی ایم ایف کی تشویش اور مالیاتی عدم توازن سے نمٹنے کے لیے پیشن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 39)

گستاخ رسول ملعون کی حمایت کرنیوالے اسلام اور ملک کے آئین کے دشمن ہیں، نائب سربراہ سنی تحریک

ملک میں آئین وقانون کی بالادستی چاہتے ہیں کسی کو بھی شعائر اسلام کی توہین کرنے نہیں دینگے، شعائر اسلام کی توہین کرنیوالوں کا ساتھ دینے والے قانون سے بچ نہیں سکیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نائب سربراہ پاکستان سنی | تحریک صاحبزادہ بلال (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 38)

پولیس کو بغاوت پر اکسانے اور ریاست مخالف سرگرمی میں ملوث ایلکاری ٹی ڈی کے حوالے

پشاور (بیورو رپورٹ) پولیس کو بغاوت پر اکسانے اور ریاست مخالف سرگرمی میں ملوث پولیس اہلکار کو ریلائز پر سی ٹی ڈی کے حوالے کردیا گیا۔ انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت میں پولیس کو بغاوت پر اکسانے اور ریاست کے خلاف سرگرمی کے الزام میں گرفتار پولیس اہلکار جنید کو پیش کیا گیا، جنید عدالت نے 15 روزہ جسمانی ریمانڈ پر سی ٹی ڈی کے حوالے کردیا۔

گھوٹکی: جائیداد کے تنازع پر خواتین کو جھانے کے واقعے کا مقدمہ درج

گھوٹکی (اسٹاف رپورٹر) گھوٹکی میں جائیداد کے تنازع پر خاتون کو زندہ جلانے کے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمے میں سوتیلے بھائیوں سمیت 8 افراد نامزد اور 2 نامعلوم ملزمان شامل کئے گئے ہیں۔ مدعی مقدمہ کے مطابق بھائیوں نے جائیداد کے لالچ میں والدہ کو قتل کیا۔ پولیس نے بتایا ہے کہ واقعہ 6 روز قبل قادر پور گھوٹکی لنک روڈ پر پیش آیا تھا۔



کراچی میں ٹریفک میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات کے خلاف مہم

ٹریفک کی روانی متاثر کرنے والی تجاوزات کے خلاف مہم جاری رکھیں

کمشنر کراچی سید حسن نقوی کی ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنے اپنے ضلع میں ٹریفک کے بہاؤ کو رکاوٹ بننے والی تجاوزات کے خاتمے کی مہم (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 30)

ریڈ زون میں احتجاجی مظاہرے اور ہنگامہ آرائی کے مقدمات درج

مقدمے میں نامزد ملزمان میں فضل ساریو، سیف کیچ، حمزہ علی چانڈیو، ناصر منصور، بخشل تھلو، محمد پریل، غلام صغیر جلی پل، احمد شہزاد، ادریس اور بلاول شامل

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ریڈ زون میں قوم پرست اور مذہبی جماعت کے احتجاجی مظاہرے میں ہنگامہ آرائی کے مقدمات قائم کیے گئے۔ مقدمات (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 31)

لاہور سے نیوزی لینڈ بھاری مقدار میں منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام

آکس کو خواتین کے ملبوسات کی آڑ میں کپڑوں میں مہارت کیساتھ جذب کیا گیا

جس کی مجموعی طور پر مقدار 25 کلوگرام تھی، ترجمان اے این ایف

لاہور (بیورو رپورٹ) منشیات کی بھاری مقدار نیوزی لینڈ اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملک بھر میں انسداد منشیات اسمگلنگ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 35)

پیپلز پارٹی اور ن لیگ کے حکومتی ارکان آپس میں لڑ پڑے

کچے کے علاقہ میں ڈاکوؤں کی کمین گاہوں کو ختم کیا جائے، سجاد احمد وڑائچ

لاہور (بیورو رپورٹ) صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں | پیپلز پارٹی اور ن (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 36)

اسرائیلی ہٹ دھرمی برقرار، لبنان میں اقوام متحدہ کی امن فوج کے مرکز پر حملہ

اسرائیلی فوج مرکز کے اندر تقریباً 4 منٹ تک موجود رہیں، اس دوران گولیاں چلتی رہیں، دھماکے ہوئے اور ہر طرف نقصان دہ دھواں بھر گیا، اقوام متحدہ امن فورس

بیروت (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی قوانین اور تنظیموں کے متعدد کرنے کے باوجود اسرائیلی فوج نے ڈھٹائی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لبنان میں اقوام متحدہ کی امن فوج کے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 37)

ملک میں گاڑیوں کی فروخت میں سالانہ بنیادوں پر 17 فیصد اضافہ ریکارڈ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملک میں گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیادوں پر 17 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ پاکستان آٹومیوبیل ڈیلرز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملک میں گاڑیوں کی 353704 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 17 فیصد زیادہ ہے۔

امارتی گروپ کا کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کی آؤٹ سورسنگ میں اظہار دلچسپی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جاوید ای کے اے ڈی پورٹس گروپ نے کراچی اور لاہور ایئرپورٹس کی آؤٹ سورسنگ میں دلچسپی کا اظہار کردیا۔ ملیشیا ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ کے حوالے سے ایئرپورٹس کی پورٹس گروپ کے ایم ڈی کیپٹن محمد جمشید الحسنی نے باضابطہ طور پر وزارت ہوابازی سے رابطہ کیا ہے۔ چین رقت کے نتیجے میں رجسٹل ہولڈنگ گروپ اے ڈی پورٹس مینجمنٹ معاونت فراہم کرے گا۔

جامعہ کراچی، مسائل کے حل کیلئے طلبا کا ایڈمن بلاک کے باہر مظاہرہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جامعہ کراچی میں طلبہ تنظیم کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین احتجاج کی جانب سے طلبا کو درپیش مسائل پر ایڈمن بلاک

کراچی، مسافر ٹرینوں کے دروازے خراب، فیملیاں غیر محفوظ، چوری کی وارداتیں عام

ٹرینوں میں سکیورٹی کے حوالے سے انتظامات کو مربوط کیا جا رہا ہے، چوری اور جیب کٹنے کے 240 سے زائد واقعات رپورٹ ہوئے، ریلوے پولیس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ریلوے کے | ماتحت چلنے والی مسافر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 34)

ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبہ مقررہ وقت سے پہلے مکمل کرنے کا حکم

ریڈ لائن بی آر ٹی پر شب و روز کام جاری ہے، اس کے باوجود کام میں مزید تیزی لائی جائے، ریڈ لائن بی آر ٹی کا مقصد ٹریفک کے دباؤ کو کم کرنا اور کراچی کے لاکھوں شہریوں کے لیے ایک باکیفار، قابل اعتماد ٹرانسپورٹ کا کنٹرول فراہم کرنا ہے، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبہ مقررہ وقت سے پہلے مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ سینئر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 32)

اسرائیل سے ستائی عوام کیلئے بری خبر پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ متوقع

پیٹرولیم ڈیلرز نے فی لیٹر پیٹرول پر 17 روپے لیٹر کا بڑا مارجن مانگ لیا، پیٹرولیم ڈیلرز نے پیٹرول اور ڈیزل پر 8 روپے 36 پیسے کا اضافہ مانگا ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پیٹرولیم ڈیلرز نے فی لیٹر پیٹرول پر 17 روپے لیٹر کا بڑا مارجن مانگ لیا۔ پیٹرولیم ڈیلرز نے پیٹرول اور ڈیزل پر 8 روپے 36 پیسے کا اضافہ مانگا ہے جب کہ ڈیلرز اس وقت

کراچی: آئی جی سندھ غلام نبی میمن چائلڈ اینڈ وومن پروٹیکشن سیل کی کارکردگی اور اصلاحات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد: چینی وزیراعظم لی چیانگ کو پاکستان تحقیقی پگارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے، دوسری جانب پاک کرشمہ اور صاحبزادہ حاضری دیتے ہوئے آخری تصویر میں جلال خیال کی جا رہا ہے

روزنامہ تشکر کراچی نیوز
چیف ایڈیٹر شہزاد علی منصور
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریور یڈیز III-B-1/3، فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059، roznamatashakur786@gmail.com

مجوزہ آئینی ترامیم سمودوں پر غور کے لیے ذیلی کمیٹی تشکیل

مجوزہ آئینی ترامیم پر مشاورت کے لیے قائم پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی نے ترامیم سے متعلق سفارشات کی تیاری کے لیے ذیلی قانون ساز کمیٹی تشکیل دیدی ہے۔ ذیلی کمیٹی میں ذیلی آئینی کمیٹی 12 ارکان کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ کمیٹی 2 روز میں سفارشات مرتب کر کے خصوصی کمیٹی کو دے گی۔ مجوزہ آئینی ترمیم پر اتفاق رائے کے لیے پارلیمنٹ کی خصوصی کمیٹی کا دور ان کیمرہ اجلاس جو خرشید شاہ کی زیر صدارت اسلام آباد میں منعقد ہوا، اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کنوینر سینیٹر فرحان صدیقی نے کہا کہ ساری بحث اتھوں کے سمودوں میں کوئی اصولی اختلاف نہیں۔ پی ٹی ایف کے اختلافات زیادہ ہیں، ان کے تحفظات بھی ہیں، پی ٹی ایف کے تمام تحفظات دور کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ آئینی ترمیم کی نوعیت سیاسی نہیں، پورا پارلیمان کی بالادستی کے لیے کی جارہی ہے۔ انھوں نے واضح کیا کہ کمیٹی پر جو رپورٹ ہوں گے تو ترمیم ہوگی، نہ ہوئے تو نہیں ہوگی۔

مجوزہ آئینی ترامیم میں 54 تجاویز شامل ہیں جن کے ذریعے آئین کی شق 51-63، 175، 187 اور دیگر میں ترامیم کی جائیں گی۔ ان میں ہوتیشنا اسمبلی کی نشستیں 65 سے بڑھا کر 81 کرنے کی تجویز بھی شامل ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج کو دوسرے صوبوں کی ہائیکورٹس میں بھیجا جا سکے گا۔ چیف جسٹس پاکستان کا تقرر سپریم کورٹ کے 3 سینئر جج کریں گے، حکومت سپریم کورٹ کے 5 سینئر جج میں سے چیف جسٹس لگائے گی۔ کوفائی آئینی عدالت کے باقی ممبران کا تقرر صدر چیف جسٹس کی مشاورت سے کریں گے، چیف جسٹس اور جج کے نام پارلیمانی کمیٹی کے ذریعے دیزائیم کیوجے جائیں گے۔ مجوزہ ترامیم کے مطابق جج کی عمر 40 سال، تین سال عدالت اور 10 سالہ وکالت کا تجربہ لازمی ہوگا۔ جج کی برطرفی کے لیے وفاقی آئینی کونسل تشکیل دی جائے گی، کسی بھی جج کی برطرفی کے حق منظوری صدر مملکت دیں گے۔ وفاقی آئینی عدالت کا فیصلہ کسی عدالت میں چیلنج نہیں ہوسکے گا۔ چار ممبران پر مشتمل وفاقی آئینی عدالت میں دو ہوں گے۔ وفاقی آئینی عدالت چیف جسٹس سمیت 7 ارکان پر مشتمل ہوگی۔

دوسری جانب، سپریم کورٹ نے مجوزہ آئینی ترامیم کے خلاف درخواست پر سماعت کے لیے چیف جسٹس طاہر علی فائز بینچ کی سربراہی 3 رکنی بنچ تشکیل دیدیا ہے۔ 17 اکتوبر کو درخواست کی سماعت کرنے والے بنچ میں جسٹس امین الدین اور جسٹس شاہد وائیں شامل ہیں۔ وکیل عابد زبیری نے مجوزہ آئینی ترامیم کے خلاف سپریم کورٹ میں آئینی درخواست دائر کی ہے۔ ادھر مجوزہ آئینی ترمیم کے خلاف سندھ ہائیکورٹ میں بھی درخواست دائر کی گئی ہے جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ آئینی ترمیم کے مواد سے پوری قوم کو اندھیرے میں رکھا گیا ہے۔ درخواست کا مسودہ جو منظر سینیٹ میں پیش کیا گیا ہے وہ آئین کے خلاف ہے۔ وفاقی کابینہ کو مجوزہ آئینی ترمیم کا مسودہ منظور کرنے سے روکا جائے۔ آئینی ترمیم کا مسودہ بنا کر کے اس پر بحث کے لیے 60 دن کا وقت دیا جائے۔ درخواست میں سیکرٹری کیبنٹ ڈویژن، سیکرٹری انفارمیشن اور سیکرٹری پارلیمنٹ ہاؤس کو فریق بنایا گیا ہے۔

آئینی ترامیم پبلشنگ رجسٹریشن ایکٹ میں ترمیم کے بغیر شائع ہونے کا موضوع بنا ہوا ہے۔ اس سلسلے میں سیاسی جماعتوں کے لیے بھی سخت سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ ہر سیاسی جماعت اپنے مفادات کو سامنے رکھ کر مذاکرات کر رہی ہے لیکن اس کے باوجود اپنی بات کو سامنے رکھنے کا حق سب سے زیادہ کو دار حکومت کے اس رویے نے ادا کیا ہے جس کے تحت یہ کوشش کی گئی کہ جلد از جلد ہو سکے تو ترامیم کی اس پیشنج کو پارلیمان سے منظور کرا لیا جائے۔ 54 تجاویز کا مطلب یہ ہے کہ آئینی ترامیم کو پیشنج بڑے پیمانے پر تبدیلیاں لائے گا، لہٰذا ایسے معاملات کو جلد بازی میں نہیں بڑھانا چاہیے بلکہ اس سلسلے میں تمام سیاسی جماعتوں، بارلز زسے جامع مشاورت کی جانی چاہیے۔ یہ ایک خوش آئند بات ہے کہ پارلیمان کی خصوصی کمیٹی نے سمودوں پر غور کے لیے جو ذیلی کمیٹی تشکیل دی ہے اس میں پی ٹی ایف کے ورکران کی شمل ہیں۔

یہ بات پبلک میں کی جا چکی ہے کہ آئین صرف قانونی شی نہیں بلکہ یہ کوامی دستاویز ہے جس نے قانون سازی کے ساتھ ساتھ عدلی انتظام کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنا ہوتی ہے۔ اس لیے اس میں ہونے والے ترمیم کو تبدیلیاں کرتے ہوئے عوامی نمائندگی کے لیے پارلیمان میں موجود تمام جماعتوں کو اپنی رائے کا اظہار کرنا اور موضوع بنانا چاہیے۔ ترامیم پبلشنگ کے سمودے کو خفیہ رکھنے کی وجہ سے مسائل اور الجھنیں پیدا ہوئی ہیں ان کا حل اسی صورت میں نکل سکتا ہے کہ اس سمودے کو منظر عام پر لا کر سب سے رائے لی جائے اور پھر باہمی مشاورت کے ساتھ اس اختلافی رائے سے جو ترامیم جنم لے گی اس کو آئین کا حصہ بنایا جائے۔ مزید کہ اس معاملے کو ضد اور انا کا مسئلہ نہ بنایا جائے۔

کراچی پولیس چیف کی نے مددگار 15 پیچل یونٹ کے پولیس اہلکاروں کو احسن کارکردگی پر شاباش

کراچی (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی کراچی جاوید عالم اوڈھو نے مددگار 15 پیچل یونٹ کے پولیس اہلکاروں کو احسن کارکردگی پر شاباش دی۔ مورخہ 14 اکتوبر 2024 رات 03 بجکر 30 منٹ پر حقدہ مددگار پیچل مدراس سوسائٹی کے قریب پولیس 15۔ پیچل کی موبائل معمول کے مطابق اپنی اپنی پہ ماموری کی ایک راہگیر شہری نے ڈیکیتوں کی موجودگی کی اطلاع مددگار 15۔ پیچل کی موبائل موقع پہ پہنچ گئی جبکہ ڈکیت پولیس موبائل کو دیکھتے ہی فرار ہونے کی کوشش کرنے لگے پولیس 15 پیچل کی موبائل نے ڈیکیتوں کا پیچھا کیا اور تقریبا دو کلومیٹر پیچل کیمرا چوک کے قریب سے بروقت کارروائی کرتے ہوے 03 ڈیکیتوں کو گرفتار کر لیا ملزمان کی شناخت سید عبیر سلمان اور ولید کے نام سے ہوئی ہے جن کے قبضے پستول اور دو عدد موبائل برآمد ہوے۔ مزید گرفتار ملزمان اور برامدہ سامان کو متعلقہ پولیس اسٹیشن کے سپرد برائے قانونی کارروائی کیا۔

میں نے والدین کو بہت چھوٹی عمر میں ہی کھو دیا تھا، اداکارہ ریشم



کراچی (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ریشم نے تھیٹر کی نازک پرتے سے اپنی زندگی میں آنے والی تبدیلی کے بارے میں بات کی ہے۔ ریشم نے حال ہی میں ایک ویب شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی زندگی میں آنے والی رکاوٹوں اور تھیٹر کے سفر کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے تھیٹر کی دنیا میں بہت چھوٹی عمر سے کھویا تھا مجھے والدین کو بہت چھوٹی عمر سے کھویا تھا میرے والد میری پیدائش سے پہلے انتقال کر گئے تھے اور ان کے انتقال کا انکال اس وقت ہوا جب میں تو سال کی تھی۔ اداکارہ نے بتایا کہ میں نے اپنا کیریئر بنانے کے لیے بہت جدوجہد کی اور اپنے قریبی عزیز و اقارب کی جانب سے دھوکے بھی کھائے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ میں صرف 15 یا 16 سال کی تھی تو میرا ایک بڑا کردار تھا اور میں نے دیکھا کہ میرا کردار شروع کی اور دوہا کی طرف جا رہا ہے تو میں نے اپنے کیریئر کے بارے میں سوچنا شروع کیا اور پھر لوگوں کو بتایا کہ میں اب وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف جا رہی ہوں۔ ریشم نے بتایا کہ میں نے کافی عرصہ تھیٹر کی دنیا سے دور رہنے کا فیصلہ کیا اور پھر میں نے اپنی زندگی میں آنے والی تبدیلی کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے اپنی زندگی میں بہت کچھ کھویا ہے لیکن تھیٹر نے میرا ہمیشہ ساتھ دیا ہے لیکن تھیٹر نے میرا ہمیشہ ساتھ دیا ہے۔ ریشم نے بتایا کہ میں نے فرض ادا تو ہمیشہ پورا کیا ہے لیکن اپنا مطلب کے آرٹسٹ ہے۔ معروف فلم اسٹار نیلوفر کیوپر اور ثنا بلوچ کے ساتھ کیے گئے انٹرویو میں اداکارہ نے بتایا کہ میں نے اپنا کیریئر بنانے کے لیے بہت جدوجہد کی اور اپنے قریبی شیراوت کی طرف سے دھوکے بھی کھائے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ میں نے 15 یا 16 سال کی عمر میں کام کرنا شروع کیا اور پھر میں نے اپنے کیریئر کو بنانے کے لیے بہت جدوجہد کی اور اپنے قریبی لوگوں کو بتایا کہ میں وہ سب اللہ تعالیٰ کی طرف جا رہی ہوں۔

شہر قائد پر مچھروں کی یلغار
چکن گنیا کے مریضوں میں اضافہ
یومیہ 500 سے 750 مریض رپورٹ ہونے لگے

شہر کے ڈسٹرکٹ سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کی تشخیص کیلئے بنی آئی ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں، نجی اسپتالوں اور لیبارٹریوں میں یہ ٹیسٹ 7 سے 8 ہزار روپے میں ہوتا ہے، ذرائع

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چکن گنیا کا مرض شدت اختیار کر رہا ہے سرکاری اسپتالوں کے اعداد و شمار کے مطابق شہر کے بڑے سرکاری اسپتالوں میں یومیہ 500 سے 750 مریض رپورٹ ہو رہے ہیں، یہ وہ مریض ہیں جن کو چکن گنیا کی علامات ہیں، اس میں وہ مریض جنکا مرض چکن گنیا کی تصدیق ہوئی ہے اس کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کی علامات میں مبتلا یومیہ 300 کے لگ بھگ مریض رپورٹ ہو رہے تھے۔ سول اسپتال کے علاوہ شہر کے دیگر سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کی تشخیص کے لیے پی ایم آر ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں ہے نجی اسپتالوں اور لیبارٹریز میں یہ ٹیسٹ 7 سے 8 ہزار روپے میں ہوتا ہے مقامی حکام کے باعث شہر کے بڑے سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کی تشخیص کے لیے پی ایم آر ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں ہے جس کے وجہ سے چکن گنیا کی تشخیص کیلئے نجی اسپتالوں اور لیبارٹریز میں جانا پڑتا ہے جو کہ اخروجات کی وجہ سے مریض کے لیے مشکل ہے۔ کراچی میں چکن گنیا کا مرض بڑھنے کے بعد سرکاری اور نجی اسپتالوں کی ایمرجنسی اور او پی ڈی میں مریضوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے، اس حوالے سے ناظم آباد کے نجی اسپتال کے جنرل فزیشن ڈاکٹر شبیب خان نے بتایا کہ اس وقت کراچی کی عوام میں چکن گنیا اور ڈینگی وائرس میں مبتلا ہے، ڈسٹرکٹ سینٹرل میں مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہوگئی ہے، عام طور کی نسبت سرکاری اور نجی اسپتالوں میں اس مرض بارے میں مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، اس مرض کے علاج کے لیے بنیادی طور پر چکن گنیا کے ٹیسٹ کی سہولت دینے میں ناکام ہے، جو صحت کے جانب سے چوتھ دیا جا رہا ہے کہ ہم چکن گنیا کے ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں ہے، انہوں نے بتایا کہ گذشتہ ایک ماہ کے دوران جناح اسپتال میں 8 ہزار سے زائد مریض رپورٹ ہوچکے ہیں۔ سول اسپتال کے انچارج شعبہ حادثات ڈاکٹر عمران سومرو نے بتایا کہ اس وقت 80 سے زائد مریض یومیہ او پی ڈی اور شعبہ حادثات میں رپورٹ ہوتے ہیں۔ سماجی شعبہ اسپتال کے حکام کا کہنا ہے کہ اسپتال میں یومیہ 150 سے زائد مریض رپورٹ ہو رہے ہیں۔ سندھ گورنمنٹ لیاقت آباد اسپتال کے حکام کا کہنا ہے کہ اسپتال میں یومیہ 60 سے 12 مریض رپورٹ ہو رہے ہیں اور یکم اکتوبر سے 12 اکتوبر تک 400 سے زائد مریض چکن گنیا کی علامات میں رپورٹ ہوچکے ہیں۔ سندھ گورنمنٹ سعودآباد اسپتال کے حکام کا کہنا ہے کہ اسپتال میں 100 سے زائد مریض تیز بخار اور جوڑوں کے درد میں یومیہ رپورٹ ہو رہے ہیں۔ سندھ گورنمنٹ نیورل اسپتال کے حکام کا کہنا ہے کہ یومیہ 80 سے 100 مریض چکن گنیا کی علامات میں رپورٹ ہو رہے ہیں۔ سندھ گورنمنٹ لیاری جنرل اسپتال کے حکام نے بتایا کہ اسپتال میں روزانہ 110 مریض رپورٹ ہو رہے ہیں۔ سندھ گورنمنٹ قطرا اسپتال کے حکام کے مطابق چکن گنیا کی علامات میں یومیہ 60 سے 70 مریض رپورٹ ہو رہے ہیں۔ سندھ گورنمنٹ گودھی اسپتال کے حکام کے مطابق میں تیز بخار اور چکن گنیا کے 50 سے زائد مریض رپورٹ ہو رہے ہیں۔ اس حوالے سے سندھ گورنمنٹ لیاری جنرل اسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر نسرین مفتی نے بتایا کہ سرکاری اسپتال میں تیز بخار کی علامت میں جو مریض رپورٹ ہو رہے ہیں، انہیں وہی مشورہ دیتے ہیں کہ چکن گنیا کرواتے ہے گزیز کر رہے ہیں جس کی وجہ سے چکن گنیا نے مرتب کیں ہوسکتا۔ انہوں نے بتایا کہ عوام کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر اور پیرا میڈیکل اسٹاف بھی چکن گنیا کے مرض میں مبتلا ہو رہے ہیں، محکمہ صحت اس وبا کے بڑھنے کے حوالے سے معلومات فراہم نہیں کر رہا جبکہ بیشتر سرکاری اسپتالوں میں اس ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں ہے، شہر میں صفائی کی ناقص صورتحال اور ابرے سر ہم نہ ہونا اس وبا کے بڑھنے کی اہم وجہ ہے۔ سرکاری اسپتالوں سے ملے اور اعداد و شمار کے مطابق جناح اسپتال کی ڈی پی ڈی ایکٹر اور شعبہ حادثات کی انچارج ڈاکٹر ثوشین نے بتایا کہ اسپتال کے شعبہ حادثات میں روزانہ کی بنیاد پر 120 سے 150 مریض جنڈوں میں درد اور بخار کی شکایت میں رپورٹ ہو رہے ہیں، کلینیکل علامات دیکھ کر ہم اس کو چکن گنیا کہتے ہیں کیونکہ ہم چکن گنیا کنفیرم نہیں ہے اس صورتحال کے باعث سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کے ٹیسٹ کی سہولت دینے میں ناکام ہے، جو صحت کے جانب سے چوتھ دیا جا رہا ہے کہ ہم چکن گنیا کے ٹیسٹ کی سہولت دینے میں ناکام ہیں، ہم صحت کے جانب سے چوتھ دیا جا رہا ہے کہ ہم چکن گنیا کی تشخیص کیلئے پی ایم آر ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں ہے، کراچی میں چکن گنیا کے مریض بڑھنے کے باعث سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کی تشخیص کیلئے پی ایم آر ٹیسٹ کی سہولت موجود نہیں ہے، انہوں نے بتایا کہ ہم نے اس وبا کے بڑھنے کے حوالے سے معلومات فراہم کرنے کے لیے سینئر ڈاکٹر کو بھیجا ہے، ایکسپیریس ٹریبون نے شہر میں چکن گنیا کے حوالے سے ایک رپورٹ مرتب کی ہے۔ کراچی میں چکن گنیا کا مرض بڑھنے کے بعد سرکاری اور نجی اسپتالوں کی ایمرجنسی اور او پی ڈی میں مریضوں کی تعداد میں غیر معمولی اضافہ ہو رہا ہے، اس حوالے سے ناظم آباد کے نجی اسپتال کے جنرل فزیشن ڈاکٹر شبیب خان نے بتایا کہ اس وقت کراچی کی عوام میں چکن گنیا اور ڈینگی وائرس میں مبتلا ہے، ڈسٹرکٹ سینٹرل میں مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہوگئی ہے، عام طور کی نسبت سرکاری اور نجی اسپتالوں میں اس مرض بارے میں مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، سرکاری اسپتالوں میں چکن گنیا کے ٹیسٹ کی سہولت دینے میں ناکام ہیں، ہم صحت کے جانب سے چوتھ دیا جا رہا ہے کہ ہم

بقیہ روزنامہ تشکر 1

بعد ازاں ایئر کیڈٹ وزیر احمد ہاشمی کو بہترین پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرنے پر ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو ایوارڈ دیا گیا۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے ایئر کیڈٹس کو ان کی شاندار کارکردگی پر مبارکباد دی اور کہا کہ ایئر کیڈٹس کو اپنی تربیت کے دوران حاصل کردہ علم اور مہارت کو ملک کی خدمت کے لئے بروئے کار لانا چاہئے۔